شعبہ اسلامی مراسلات

دعوۃ اکیڈمی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد

کورسوں کا تعارف:

۱۔ مطالعہ قرآن مراسلاتی کورس: یہ فیصل مسجد میں دیئے جانے والے خطباتِ جمعہ پر مشتمل ایک سال دورانیہ کا کورس ہے۔ اس کورس کے کل اڑتالیس (۴۸) خطباتِ جمعہ کے ساتھ بارہ (۱۲) متعلقہ سوالنامے یعنی ہر چار (۴) خطبات کے ساتھ ایک سوال نامہ ارسال کیا جاتا ہے۔

۲۔ مطالعہ حدیث مراسلاتی کورس: تعارفِ حدیث، تدوینِ حدیث، تعلیمات حدیث اور دیگر موضوعات پر مبنی بارہ (۱۲) یونٹوں پر مشتمل ایک سالہ دورانیہ کا یہ کورس ہے۔ ہر یونٹ کے ساتھ ایک سوال نامہ تیار کیا جاتا ہے۔

۳۔ مطالعہ اسلام مراسلاتی کورس: یہ اسلام کے تعارف، عقائد، عبادات، معاشیات و معاشرت سے متعلق تعلیمات اور دیگر فقہی اصطلاحات پر مبنی کورس ہے جو مسلکی و گروہی اختلافات سے بالاتر رہتے ہوئے قرآن و حدیث کی روشنی میں تیار کیا گیا ہے۔ یہ ایک سالہ دورانیہ، پچیس (۲۵) یونٹوں اور بارہ (۱۲) سوال ناموں پر مشتمل ہے۔ ہر شریکِ کورس کو دو یونٹوں کے ساتھ ایک سوال نامہ جبکہ آخری تین (۲۳، ۲۴ اور ۲۵) یونٹوں کے ساتھ ایک سوال نامہ ارسال کیا جاتا ہے۔

۴۔ گلدستہ مراسلاتی کورس: بچوں اور نوجوانوں کی دلچسپی کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے بارہ (۱۲) یونٹوں پر مشتمل، ایک سالہ دورانیہ کا یہ کورس گلدستہ کے نام سے تیار کیا گیا ہے۔ ہر یونٹ کے ساتھ ایک سوال نامہ بھیجا جاتا ہے۔

- شریکِ کورس کو ایک ماہ کے اندر سوال نامہ حل کر کے واپس اکیڈمی کو ارسال کرنا ہو گا۔
- جو خواتین و حضرات مطالعہ حدیث، مطالعہ اسلام اور جو بچے اور نوجوان گلدستہ کورس پہلے ہی کر چکے ہیں انہیں دوبارہ ان کورسوں میں داخلہ نہیں دیا جائے گا۔ البتہ مطالعہ قرآن کورس میں داخلہ لیا جا سکتا ہے کیونکہ یہ مسلسل تفسیر پر مبنی ہے۔

شرائط و طریقۂ داخلہ:

- ہر عمر اور طبقے کے خواتین و حضرات جو اردو لکھنا پڑھنا جانتے ہوں داخلہ لے سکتے ہیں۔ عمر، طبقے اور تعلیم کی کوئی قید نہیں۔
- ایک وقت میں ایک سے زیادہ کورسوں میں داخلہ لیا جا سکتا، البتہ ہر کورس کے لیے الگ سے داخلہ فارم جمع کرانا ہو گا۔
- داخلہ فارم میں اندراجات، بالخصوص نام و پتہ، خوب واضح اور خوشخط لکھیں۔ اکیڈمی آپ کے تحریر کردہ اسی پتہ پر آپ سے رابطہ کرے گی۔
- داخلہ فارم مع فیس رسید بذریعہ بنک ڈرافٹ / پوسٹل آرڈر / منی آرڈر "**اسسٹنٹ ڈائریکٹر اکاؤنٹس، دعوۃ اکیڈمی**، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، (فیصل مسجد کیمپس)، اسلام آباد" کے پتہ پر ۵ جنوری، ۲۰۱۸ء تک ارسال کر دیں۔ اکیڈمی میں آ کر نقد فیس بھی جمع کرائی جا سکتی ہے۔
- تمام کورسوں کے شرکاء کو جنوری، ۲۰۱۸ کے آخری ہفتے تک کورس کی ترسیل شروع کر دی جائے گی۔
- اندرونِ ملک شرکاء کے لیے تمام کورسوں کی داخلہ فیس۔/۵۰۰ روپے، جبکہ گلدستہ کورس کی داخلہ فیس۔/۳۰۰ روپے ہے۔ بیرونِ ملک شرکاء کے لیے تمام کورسوں کی فیس۔/۳۰۰۰ روپے ہے۔
- بنک ڈرافٹ / پوسٹل آرڈر / منی آرڈر کی پشت پر اپنا نام اور پتہ ضرور تحریر کریں۔ بنک ڈرافٹ پاکستان کے کسی بھی بنک سے بنوایا جا سکتا ہے، لیکن اس متعلقہ بنک کی شاخ اسلام آباد میں بھی ہونی چاہیے۔ بنک ڈرافٹ / پوسٹل آرڈر / منی آرڈر کی رسید داخلہ فارم کے ساتھ منسلک کریں۔
- دیئے گئے طریقہ کار کے علاوہ داخلہ فارم اور فیس بھیجنے پر گمشدگی کی صورت میں / وصول نہ ہونے پر / داخلہ نہ ملنے پر ادارہ ذمہ نہ ہو گا۔
- مزید معلومات کے لیے درج ذیل پتہ، فون اور فیکس پر رابطہ کریں۔

انچارج، شعبہ اسلامی مراسلات

دعوۃ اکیڈمی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، (فیصل مسجد کیمپس)، اسلام آباد

ٹیلی فون نمبر: 2289771-5, 9261751-4/9261761-5, Ext. 362, 263

فیکس نمبر: 92-51-9263442

E-mail: icddawahacademy@gmail.com

آن لائن فارم کے لیے ویب سائٹ: www.iiu.edu.pk